19 مئی 2017ء

اسٹیٹ بینک کی جانب سے فارن ایکسچینج مینوئل 2017ء کے اپ ڈیٹڈ ورژن کا اجرا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان مجاز ڈیلرز (بینک)، برآمد کنندگان، درآمد کنندگان، ٹریول ایجنٹس، کیریئرز وغیرہ سمیت متعلقہ فریقوں کی سہولت کے لیے وقتاً فوقتاً فارن ایکسچینج مینوئل جاری کرتا رہتا ہے۔ اس کا آخری ورژن مئی 2016ء میں جاری کیا گیا تھا۔

2016ء میں فارن ایکسچینج مینوئل کے اجرا کے بعد زرمبادلہ کے ضوابط میں کئی تبدیلیاں اور ترامیم کی گئی ہیں۔ اگرچہ ایف ای سرکلرز، سرکلر لیٹرز، نوٹیفکیشنز وغیرہ جن کے ذریعے یہ تبدیلیاں اور ترامیم کی گئیں اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر پوسٹ کیے گئے ہیں تاہم فارن ایکسچینج مینوئل میں بھی یہی ترامیم شامل کر دی گئی ہیں تاکہ متعلقہ فریقوں کو ایک ہی دستاویز میں ضوابط / ہدایات مل جائیں۔

چنانچہ فارن ایکسچینج مینوئل - 2017ء مورخہ 30 اپریل 2017ء تک اپ ڈیٹڈ ہے اور اسے متعلقہ فریقوں کے لیے اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر رکھ دیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک توقع رکھتا ہے کہ اپ ڈیٹڈ مینوئل کے استعمال سے متعلقہ فریقوں کو زرمبادلہ کے کاروبار کے انتظام کے لیے موجودہ قواعد وضوابط پر عمل پیرا ہونے میں مدد ملے گی۔

***